# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 24 March-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴/مارچ ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اگر حکومتی کوششوں کو شہریوں کی حمایت حاصل ہو تو کسی بھی چیلنج کو مؤثر طریقے سے سامنا کیا جاسکتا ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ اشوک کھرات معاملے پر قانون ساز اسمبلی میں وزیرِ اعلیٰ کا بیان؛ اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کا انتباہ۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی راج ماتا جیجاؤ زمرہ کی تین ہزار بسوں کا آج افتتاح۔

☆ ملک بھر میں آج سے ٹی بی سے پاک مہم شروع۔

اور۔۔۔☆ کانگریس اور ونچت بہوجن آگھاڑی کا ناگپور میں اپسٹن فائل کے خلاف مشترکہ احتجاج۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اگر حکومت کی کوششوں کو شہریوں کی حمایت حاصل ہو تو کسی بھی چیلنج کا مؤثر طریقے سے سامنا کیا جاسکتا ہے۔ وہ کل لوک سبھا میں مغربی ایشیاء کے تنازعے کے پس منظر میں مخاطب تھے۔ وزیرِ اعظم نے ہم وطنوں سے اپیل کی کہ وہ اس جنگ کے طویل مدتی نتائج کیلئے تیار رہیں۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

اس جنگ کے ضمن میں وزیرِ اعظم نے ملک کے ایندھن، کھاد اور توانائی کے ذخائر کا جائزہ لیا۔ اس دوران ایندھن اور ضروری ولازمی اشیاء کی کالا بازاری اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے احکامات ریاستی حکومتوں کو دیئے۔ وزیرِ اعظم نے اپنی تقریر میں ذکر کیا کہ وہ ان حملوں کی مذمت کرتے ہیں جن سے جنگ کے وقت شہریوں کو نقصان پہنچا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت ہمیشہ جنگ کا مخالف رہا ہے اور اس نے مغربی ایشیاء میں کشیدگی کو کم کرنے کیلئے تمام متعلقہ ممالک کے سربراہان سے بات چیت کرتے ہوئے امن کی اپیل کی ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج ناسک کے دھوکے باز اشوک کھرات کے معاملے پر قانون ساز اسمبلی میں تفصیلی بیان دیں گے۔ کل، ایوان میں اُس کے بارے میں بات کرتے ہوئے پھڑنویس نے ان لوگوں کے خلاف کارروائی کا انتباہ دیا جن کا اس معاملے میں کوئی تعلق ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے اپیل کی ہے کہ خواتین کے وقار سے جڑے اس معاملے پر سیاست نہ کی جائے۔

***** ***** *****

دریں اثناءٗ کھرات کے خلاف شکایات کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔اب تک چھ فوجداری مقدمات درج کیے جاچکے ہیں۔ناسک پولس نے کسی کوبھی معلومات یا شکایت کے ساتھ ان سے رابطہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر نے کہا ہے کہ اگر ریاست کے اسپتال مہاتما جیوتی راؤ پھلے جن آروگیہ اسکیم اور آیوشمان بھارت وزیرِ اعظم جن آروگیہ اسکیم کے تحت مفت علاج نہیں کررہے ہیں تو ایسے اسپتالوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔وہ کل قانون ساز اسمبلی میں ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔

***** ***** *****

کانگریس کے رکنِ اسمبلی وجےۓ وڑیٹیوار نے الزام عائد کیا کہ ریاست میں صحت کا نظام خصوصاً دور دراز علاقوں میں مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ اسمبلی میں اپوزیشن کی 293 ویں تجویز پر وہ مخاطب تھے۔وڑیٹیوار نے بجٹ کے انتظامات میں کٹوتی اور ادویات کی خریداری میں بدعنوانی کی وجہ سے محکمے کے بے پرواہ ہونے پر تنقید کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ زراعت دتاتریہ بھرنے نے کل قانون ساز اسمبلی کو بتایا کہ ریاست میں غیر موسمی بارشوں سے ہونے والے نقصان کا پنچنامہ کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں اور رپورٹ آنے کے بعد کسانوں کو امداد فراہم کی جائیگی۔

***** ***** *****

دریں اثناءٗ مہاراشٹر ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کا دوسرا ترمیمی بل نیز فرسودہ قوانین کو منسوخ کرنے کیلئے مہاراشٹر نرسن بل 2026 کل قانون ساز کونسل میں منظور کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کل ریاست کے دکانوں اور نجی اداروں میں ملازمین کے یومیہ کام کے اوقات کو دس گھنٹے کرنے کے ترمیمی بل کو واپس لے لیا۔ محکمۂ محنت نے یہ فیصلہ بل کے بارے میں واضح نہ ہونے اور مختلف سطحوں سے موصول ہونے والے ردِّعمل کی وجہ سے کیا ہے۔جبکہ تمام تکنیکی اور عملی پہلوؤں کے مکمل مطالعے کے بعد بل کو دوبارہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ایس ٹی کارپوریشن کی تین ہزار راج ماتا جیجاؤ زمرے کی بسوں کا افتتاح آج ہوگا۔وزیرِ ٹرانسپورٹ وچیئر مین ایس ٹی کارپوریشن پرتاپ سرنائیک نے کہا کہ دو بائے تین نشستوں والی 56 سیٹر بسیں ریاست کے ہر کونے میں شہریوں کو ٹرانسپورٹ خدمات فراہم کریں گی۔

***** ***** *****

تپِ دِق کا عالمی دن آج منایا جارہا ہے۔صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے تپِ دِق کے مکمل خاتمے کیلئے اجتماعی عزم اور مل کر کام کرنے کی اپیل کی ہے۔انھوں نے کہا کہ تپِ دِق کی تیز رفتار تشخیص، مفت علاج، قابل غذائیت اور مریضوں کی دیکھ بھال سمیت تمام پہلوؤں میں ٹی بی سے پاک بھارت مہم کی جانب سے کی گئی پیش رفت قابلِ ستائش ہے۔

***** ***** *****

ٹی بی سے پاک بھارت کی 100 روزہ مہم آج سے ملک بھر میں شروع کی جائیگی اور اس مہم کو مہاراشٹر میں بھی بڑے پیمانے پر نافذ کیا جائے گا۔اس مہم کے تحت 11 ہزار 91 خطرے والے دیہاتوں اور شہری وارڈوں میں خصوصی اسکریننگ کی جائیگی۔روایتی علامات پر مبنی اسکریننگ کے بجائے خطرے میں پڑنے والی آبادی کی فعال اسکریننگ پر زور دیا جائے گا۔

***** ***** *****

کل، ناگپور میں کانگریس اور ونچت بہوجن آگھاڑی نے اپسٹن فائل معاملے پر آر ایس ایس کے واضح مؤقف کا مطالبہ کرتے ہوئے مشترکہ احتجاج کیا۔سنگھ کے ہیڈکوارٹر کی جانب بڑھنے والے احتجاج کو پولس نے زیرو مائیل ٹی پوائنٹ پر روک دیا۔کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال اور ونچت بہوجن آگھاڑی کے صدر پرکاش امبیڈکر نے اس احتجاج کی قیادت کی۔اس میں دونوں جماعتوں کے عہدیداران اور کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

مجاہدینِ انقلاب بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کے یومِ شہادت کے موقع پر کل جگہ جگہ ان کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین انیل مکریے نے بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کے مجسّموں کو پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔آل انڈیا اسٹوڈنٹس فیڈریشن کی جانب سے چھترپتی سمبھاجی نگر کے پیٹھن گیٹ علاقے میں شہداء کو پھانسی دینے کا لائیو مظاہرہ کر کے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کے ''میرا یووا بھارت'' اور کستوربا گاندھی گرلس اسکول کے ذریعے پربھنی ضلع کے جنتور میں یومِ شہداء کے موقعے پر ایک عظیم الشان پیدل یاترا نکالی گئی۔اس سے پہلے حاضرین سے صفائی کا عہد لیا گیا۔

***** ***** *****

مہم کے دوسرے مرحلے کے تحت عالمی یومِ پانی کی تقریب و ورکشاپ کل دھاراشیو میں ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار کی موجودگی میں منعقد ہوئی۔اس موقعے پر انھوں نے کہا کہ پانی کی مناسب منصوبہ بندی اور عوامی شراکت سے ضلعے کو پانی سے مالا مال کیا جائے گا۔اس موقع پر ضلع پریشد سی ای او ڈاکٹر میناک گھوش، آبی سفیر ہنومنت کیندرے، ضلعی سپرنٹنڈنٹ ایگریکلچر راج کمار مورے نے بھی خطاب کیا اور پانی کی بچت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کی مشہور، شیو شمبھو کاوڑ یاترا کل لاتور شہر میں جوش وخروش اور عقیدت کے ساتھ منعقد ہوئی۔رینا پور تعلقہ کے ماکے گاؤں سے نکلی یہ یاترا لاتور سے تلجا پور کے راستے شولا پور کی طرف گامزن ہوئی۔پانچ دن کا سفر مکمل کرنے کے بعد یہ یاترا شکھر شنگنا پور پہنچے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے دولت آباد قلعے کی فصیل کے دروازے سے گزرنے والی شاہراہ کے اطراف سے متبادل راستہ نکالا جائے گا۔تقریباً چار کلومیٹر طویل اس راستے کیلئے زمین کے حصول کا عمل رواں ماہ کے آخر تک مکمل کرلیا جائے گا۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں میں مراٹھواڑہ کے ناندیڑ، لاتور اور دھاراشیو اضلاع کے مختلف مقامات پر بجلی کی گرج اور چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی چھترپتی سمبھاجی نگر نے مارچ - اپریل سیشن کیلئے پریکٹیکل امتحانات کے نظام الاوقات کا اعلان کیا ہے۔کالج کی سطح پر انٹرنل ایویلیوشن اور پریکٹیکل امتحانات 25 مارچ سے 4 اپریل تک منعقد ہوں گے۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ اگر حکومتی کوششوں کو شہریوں کی حمایت حاصل ہو تو کسی بھی چیلنج کو مؤثر طریقے سے سامنا کیا جاسکتا ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ اشوک کھرات معاملے پر قانون ساز اسمبلی میں وزیرِ اعلیٰ کا بیان؛ اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کا انتباہ۔

☆ ایس ٹی کارپوریشن کی راج ماتا جیجاؤ زمرہ کی تین ہزار بسوں کا آج افتتاح۔

☆ ملک بھر میں آج سے ٹی بی سے پاک مہم شروع۔

اور۔۔۔☆ کانگریس اور ونچت بہوجن آگھاڑی کا ناگپور میں اپسٹن فائل کے خلاف مشترکہ احتجاج۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****